21971 ـ سواری کرنے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ

سوال

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی کون کون سی سواریاں تھیں جن پرسواری کرتے تھے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

الحمدللہ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نےگھوڑے ، خچر ، اونٹ ، اورگدھے پر سواری فرمائ ، کبھی تونبی صلی اللہ علیہ وسلم گھوڑے کی ننگی پیٹھ پراورکبھی کاٹھی ڈال کرسوارہوئے ، بعض اوقات نبی صلی اللہ علیہ وسلم گھوڑے کودوڑاتے بھی تھے ، اکثرطورپر اکیلے ہی سوارہوتے اورکبھی اونٹ پر اپنے پیچھے کسی کوبٹھا بھی لیتے تھے ۔

اورکبھی ایسی بھی حالت ہوتی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنے آگے اور پیچھے بھی کسی بٹھاتے اورخود دومیان میں ہونے تواس طرح اونٹ پرتین اشخاص بیٹھتے تھے ، اوران پیچھے بیٹھنے والوں میں مرد بھی تھے اورآپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعض بیویاں بھی پیچھے بیٹھنے والوں میں شامل ہیں ۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اکثرطورپر سواری یا تواونٹ تھی اور یا پھر گھوڑا ، اورخچر کے متعلق یہ معروف ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک ہی خچرتھا جوکسی بادشاہ نے آپ کوھدیہ دیا تھا ، اورخچر عرب کی سرزمین پرمعروف نہیں تھے بلکہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کوخچر ھدیہ کیا گیا تویہ کہا گیا کہ :

کیا ہم گھوڑوں سےگدھوں کی جفتی نہ کروائیں ؟ تونبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

یہ کام تووہ لوگ کرتے ہیں جنہیں علم نہیں ہے ۔

دیکھیں سنن ابوداود حدیث نمبر (2565) علامہ البانی رحمہ اللہ تعالی نے اسے صحیح ابی داود حدیث نمبر (2236) میں صحیح قرار دیا ہے ۔ .